# از دفتر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک پولٹری ڈویلپمنٹ آفیسر باغ رحویلی

ٹینڈر بابت خرید لیئر مرغیاں ۔

دفتر ہذا کو مالی سال 2021-2020 کے دوران جاری ترقیاتی سکیم Backyard poutry production for women in AJ&K کے تحت رجسٹرڈ فرموں رو سٹری بیوٹرز سے غیر مشروط سربمہر ٹینڈر Single (Two envelope) Stage بسلسلہ خرید لیئر مرغیاں بذیل شرائط کے تحت مطلوب ہیں۔ ٹینڈر مورخہ 2020-08-07 کو دن 11 بجے دفتر زیر دستخطی میں پہنچ جانے چاہییں جو اسی دن دفتری اوقات کار بوقت 11:30 بجے دن دفتر ہذا میں ٹینڈر دہندگان رفرموں کے نمائندگان اور پرچیز کمیٹی کے ممبران کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ پیش کردہ اخراج کا 2% کال ڈیپازٹ فنانشل پروپوزل کے ساتھ شامل کرنا لازمی ہوگا۔ بصورت دیگر Bid منسوخ کردی جائے گی۔ مرغیوں کی خرید کا بجٹ 12 ملین ہے جس میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔

<u>شرائط ٹینڈر۔</u>

1- مرغیوں/pullets کی عمر 18 ہفتے ہونی چاہیے۔

2- مرغیاں/Pullets، RIR (Rhode island Red) Black australorp, Fayumi نسل کی ہونی چاہییں۔

3- مرغیوں/pullets کا وزن بالترتیب 1.3، 1.3 اور 1.0 kg ہونا چاہیے۔

4- فراہم کردہ مرغیوں/pullets کو infectious Bronchitis، رانی کھیت، انفلوئنزا، فاول پاکس، میریکس، گھمبورو کے خلاف پہلے سے حفاظتی ٹیکوں کا کورس مکمل ہونا ضروری ہے۔ مرغیوں کی سپلائی کے ساتھ متعلقہ علاقے کے ویٹرنری آفیسر یا مستند لیبارٹری کی جانب سے حفاظتی ٹیکوں کے کورس کی تکمیل کی تصدیق پیش کرنا ہوگی۔ محکمہ بھی سپلائی کردہ مرغیوں کے متذکرہ بالا ویکسینز کے ٹائٹرز چیک کروائے گا اور ٹائٹر کم ہونے کی صورت میں مرغیوں کی سپلائی واپس کر دی جائے گی۔

5- سپلائی آرڈر جاری ہونے کے 15 دن کے اندر مرغیاں/pullets سپلائی کیلئے بتائے گئے مقام پر فراہم کرنا ہوں گی۔ مرغیوں کی سپلائی ضلع باغ رحویلی کے تمام انتخابی حلقوں کی یونین کونسلوں میں کرنا ہوگی۔

6- تاریخ اور وقت مقررہ کے بعد موصول ہونے والے ٹینڈرز قابل قبول نہ ہونگے۔

7- کمیٹی پہلے Technical Bid کھولے گی Technical Bid کوالیفائی کرنے والی فرموں کی Financial Bid کھولی جائے گی۔ لہذا فرم کو اپنی Technical Bid کے ساتھ مکمل پروفائل (بروشر) فراہم کرنا ہوگا

8- کامیاب ٹینڈر دہندگان رفرموں کو سپلائی آرڈر جاری کرنے سے قبل سپلائی کردہ لیئر مرغیوں کی مالیت کا 5% بشکل کال ڈیپازٹ ڈیمانڈ ڈرافٹ جمع کروانا ہوگا۔

9- ادائیگی محکمہ حسابات سے بلات پاس ہونے کے بعد ہوگی۔

10- بلات سے رائج الوقت جملہ لازمی ٹیکسز وضع کیے جائیں گے۔

11- کامیاب ٹینڈر دہندگان کو بلات کے ہمراہ GST انوائس اور انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ شامل کرنا ہوگا۔

12- پرچیز کمیٹی کو بمطابق AJK- PPRA رولز 2017 ٹینڈرز کو منسوخ یا مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہوگا۔

13- بمطابق بمطابق AJK PPRA- رولز 2017 تمام ٹینڈر دہندگان کو اپنی کوٹیشن کے ساتھ بیان حلفی جمع کروانا ہوگا کہ وہ آزاد کشمیر و پاکستان گورنمنٹ کے کسی بھی ادارہ کی جانب سے بلیک لسٹڈ فرم نہ ہے۔

(جاری ہے)

14- دیگر شرائط دفتر زیر دستخطی سے دفتری اوقات کار میں مورخہ 05-08-2020 تک حاصل کی جاسکتی ہے۔

نوٹ۔ اشتہار ہذا PPRA AJK کی ویب سائٹ پر بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے۔ دفتر ہذا کامیاب فرم سے پرفارمنس گارنٹی کے طور پر ٹینڈر کی مالیت کا 10% وصول کرسکتا ہے۔

والسلام

(محمد [illegible] شیخ)

ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک/پولٹری ڈویلپمنٹ آفیسر

باغ/حویلی

PWD بلاک فرسٹ فلور ڈسٹرکٹ کمپلیکس باغ

05823-920092

# از دفتر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک پولٹری ڈویلپمنٹ آفیسر باغ رحویلی

## بولی دستاویز (Bidding Ducument)

دفتر ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک پولٹری ڈویلپمنٹ آفیسر باغ مالی سال 2020-21 کے دوران جاری ترقیاتی سکیم Backyard Poultry Productionfor Women in AJK کے تحت موصول شدہ بجٹ کے خلاف اٹھارہ ہفتے کی مرغیاں / Pullets خرید کرنے کیلئے اچھی شہرت کی حامل انکم ٹیکس رجسٹرڈ کمپنیوں / فرموں سے ازتجار میں درج شرائط پر خریداری کا خواہاں ہے۔ کامیاب بولی دہندہ بذیل شرائط پر فراہمی مکمل کرنا ہوگی۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- | عمل درآمد | حکم ثانی کے اجراء کے 15 دن کے اندر مرغیاں فراہم کرنا ہوں گی۔ |
| 2- | سامان کا معیار | مرغیاں برائے فراہمی عموی طور پر قابل قبول نسل، عمر، صحت اور وزن کے لحاظ سے اعلیٰ معیار کی ہونی چاہیں۔ |
| 3- | پیکنگ اخراجات | ضلع باغ وحویلی کی مختلف یونین کونسل ہا میں موقع پر پہنچا کر جملہ اخراجات بولی میں شمار کیئے جائیں گے۔ |
| 4- | متفرق اخراجات | کوئی خفیہ اخراجات شامل نہیں کیئے جائیں گے۔ |
| 5- | وضعگی ٹیکسز | حکومت آزاد کشمیر کے قانین کے مطابق جملہ ٹیکسز سالم رقم سے منہا کیئے جائیں گے۔ |
| 6- | ادائیگی کا نظام الاوقات | ادائیگی مرغیوں کی کامیاب تفصیلی رپورٹ کی وصولی اور محکمہ حسابات سے بل کی منظوری کے بعد بذریعہ چیک کی جائے گی۔ |
| 7- | ترسیل کا پتہ | مرغیاں باغ وحویلی کی تمام یونین کونسلو ہا میں پہنچا کر دینا ہوں گی۔ |
| 8- | عمل داری | خریدار اور فراہم کنندہ کے درمیان کسی اختلاف کی صورت میں فیصلہ دفتر ناظم لائیوسٹاک توسیع وتحقیق وترقی مظفرآباد کرے گا۔ |

(نوٹ) بولی دہندگان کو منسلک نمونہ مالیاتی تجویز پر پیش کش دینا ہوگی۔

# تصریح اشیائے خریداری/نمونہ مالیاتی تجویز

(Specification of procurment items/Format for financial Proposal)

| نمبر شمار | شئی | تصریح | پیمائش کی اکائی | قیمت اکائی بغیر ٹیکسز | قیمت اکائی بمعہ ٹیکسز |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | RIR مرغی) Rhodcisland<br>Red pullet | رنگ سرخ عمر 18 ہفتے<br>وزن 1.3Kg | عدد | | |
| 2 | بلیک آسٹرالارپ مرغی | رنگ کالا عمر 18 ہفتے<br>وزن 1.3Kg | عدد | | |
| 3 | قابوی مرغی سد | رنگ سفید/کالا مکس عمر<br>18 ہفتے وزن 1.0Kg | عدد | | |

نام بولی دہندہ/فرم/کمپنی/کاروبار---------------------------------------------------------------

دستخط معہ مہر-----------------------------------تاریخ-----------------------------------

(نوٹ)

بولی دہندگان شئی وار (item wise) نرخ بشمول مروجہ جملہ ٹیکسز تحت قوانین آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر لکھ سکتے ہیں۔ کاٹ کر لکھائی دوہری لکھائی ایک شئی کے دو نرخ مبہم نرخ یا دیگر کسی ناجائز ذریعہ کے استعمال کی صورت میں پیشکش مسترد کر دی جائے گی۔

(محمد شبیر شیخ)

ڈسٹرکٹ لائیوسٹاک رپولٹری ڈویلپمنٹ آفیسر